اُڑان

بلاک دیوس

ضلع ترقیاتی کمشنر بانڈی پورہ نے سنبل میں عوامی رابطہ پروگرام کی صدارت کی

بانڈی پورہ//ضلع ترقیاتی کمشنر بانڈی پورہ ڈاکٹر اویس احمد نے حکومت جموں وکشمیر کی طرف سے شروع کئے گئے عوامی رابطہ پروگرام کی منفرد پہل کو آگے بڑھاتے ہوئے آج ضلع کے سنبل سب ڈویژن میں بلاک دیوس کا انعقاد کیا۔ سنبل سب ڈویژن کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے پروگرام میں شرکت کی اور انہیں درپیش مسائل بالخصوص پینے کے پانی کی فراہمی، آبپاشی، حالیہ بارشوں سے متاثرہ علاقوں میں بجلی کی فراہمی کی بحالی کے علاوہ دیگر مسائل سے متعلق اپنے مسائل پیش کئے۔ اس موقعہ پر ضلع ترقیاتی کمشنر نے خطاب کرتے ہوئے تمام وفود اور افراد کو یقین دلایا کہ ان کی شکایات اور مطالبات کو جلد از جلد دور کیا جائے گا۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ ضلعی انتظامیہ اس بات کو یقینی بنا رہی ہے کہ عوامی رابطہ پروگرام مستقبل کے لئے نتیجہ خیز اور ترقی پسند اقدامات ثابت ہو۔ اُنہوں نے محکمہ باغبانی سے کہا کہ وہ ان علاقوں کے لوگوں کو زرعی آلات فراہم کرے۔ ضلع ترقیاتی کمشنر نے متعلقہ اُفراد کو ہدایت دی کہ وہ سکولوں او رکالجوں میں منشیات کی لت سے نجات کے حوالے سے پروگرام منعقد کریں تاکہ منشیات کے استعمال کو کم سے کم کیا جاسکے اور اُفراد اور ان پر انحصار کرنے والوں کو علاج تک رَسائی کی ترغیب دی جاسکے۔ اُنہوں نے منشیات کی روکتھام کے پیغام کو معاشرے کے تمام طبقوں میں پھیلانے پر زور دیا بالخصوص نوجوانوں میں جو قوم کے معمار ہیں۔۔ اس سے قبل ایس ڈی ایم سنبل نے اس موقعہ پر عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے اُٹھائے گئے اقدامات کی تفصیلی جانکاری دی۔ اس موقعہ پر نوڈل آفیسر کوآرڈی نیشن اور اسسٹنٹ کمشنر ڈیولپمنٹ محمد اشرف حکاک، جوائنٹ ڈائریکٹر پلاننگ امتیاز احمد، سب ڈویژنل مجسٹریٹ سنبل عامر چودھری، پولیس اور دیگر سول اُفسران کے علاوہ چیئرپرسن بی ڈی سی اور ڈی ڈی سی ممبران موجود تھے۔

لیفٹیننٹ گورنر نے زیشتا دیوی مندر سری نگر میں

زیشتا ماتا جینتی کے موقعہ پر مہایاگیا میں شرکت کی

سری نگر//لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے آج زیشتا ماتا جینتی کے موقعہ پر زیشتا دیوی مندر زیتھیار سری نگر میں منعقدہ مہایاگیا میں شرکت کی۔ اُنہوں نے ماتا زیشتا کا آشیرواد اور سب کی بھلائی کے لئے دُعا کی۔ لیفٹیننٹ گورنر نے اپنے دورے کے دوران لوگوں سے بھی بات چیت کی اور اس موقعہ پر اپنی دِلی مبارک باد پیش کی۔ اس موقعہ پر کشمیری پنڈت کمیونٹی، زیشتا دیوی پر بندھک کمیٹی کے ملازمین اور تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے ممتاز شہری موجود تھے۔

سیکرٹری قانون راجیش تلوار کے ساتھ اِظہارِ تعزیت

سری نگر//سیکرٹری قانون، انصاف اور پارلیمانی اُمور اچل سیٹھی نے ڈائریکٹر محکمہ خزانہ راجیش تلوار کی اہلیہ کے انتقال پر گہرے دُکھ کا اظہار کیا ہے۔ اس سلسلے میں ایک تعزیتی میٹنگ منعقد ہوئی جس میں سیکرٹری قانون نے سوگوار کنبے کو یہ صدمہ عظیم برداشت کرنے کے لئے دعا کی۔ اُنہوں نے کہا کہ محکمہ دُکھ کی اس گھڑی میں آفیسر کے ساتھ برابر کے شریک ہے۔ اُفسران اور پورے عملے نے دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی روح کے اَبدی سکون اور سوگوار کنبے کی ہمت کے لئے دعا کی۔

کشمیری ہانگل کے بعد اب پرندوں کی شماری کا کام شروع ہونے جارہا ہے

ہمالین برڈ کاونٹ کے نام سے شروع کی گئی مہم میں اسکولوں اور کالجوں کے طلبہ بھی شریک ہونگیں

سرینگر//اے پی آئی//کشمیر ہانگل کے بعد اب وادی کشمیر میں پرندوں کی شماری کا کام شروع کیا جارہا ہے ہمالین بارڈ کاونٹ کے نام سے جموں وکشمیر میں یہ مہم شروع کی جارہی ہے جس میں اسکولوں اور کالجوں کے طلبہ بھی شرکت کرینگے۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق چند ماہ پہلے وادی کشمیر میں کشمیری ہانگل کی شماری کا کام مکمل کیا گیا اور وائلڈ لائف محکمہ کی جانب سے کشمیری ہانگل کی تعداد میں اضافہ ہونے کا عندیہ دیا گیا اور وائلڈ لائف محکمہ نے کہا کہ پچھلے تین برسوں کے دوران کشمیری ہانگل کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے جو مستقبل کے حوالے سے سودمند ثابت ہوسکتا ہے۔ کشمیری ہانگل کے بعد اب پرندوں کی شماری کا کام شروع کیا جارہا ہے۔ ہمالین برڈ کانوٹ کے نام سے یہ مہم شروع کی جارہی ہے اور ہمالیاں پہاڑوں کے اردگرد جوممالک ریاستیں مرکزی زیر انتظام علاقے آتے ہیں ان میں پرندوں کی شماری کا کام کیا جائیگا۔ وادی کشمیر میں اس مہم کے ساتھ کئی اسکولوں اور کالجوں کے طلبہ وطالبات بھی جڑھے گے اور وادی کشمیر میں پرندوں کی تعداد منظر عام پر لائی جائیگی۔

نیشنل کانفرنس لیڈر شہید شیخ منصور کی 33 ویں برسی

ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور عمر عبداللہ کا خراج عقیدت

سرینگر//جموں وکشمیر کے معروف سیاسی، سماجی لیڈر اور مجاہد آزادی شہید شیخ محمد منصور (شوپیان) کی 33 ویں برسی پر جموں وکشمیر نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے مرحوم رہنما کو شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا، کہ مرحوم منصور صاحب عوام میں بے حد مقبول تھے اور انہوں نے کوئٹ کشمیر تحریک میں کلیدی رول ادا کیا تھا۔ وہ ہمیشہ غریب عوام کے دُکھ درد میں شریک رہتے تھے اور اپنی آخری سانسوں تک لوگوں کی خدمات انجام دیتے رہے۔ نائب صدر عمر عبداللہ اور پارٹی جنرل سکریٹری علی محمد ساگر نے مرحوم لیڈر کو خراج عقیدت ادا کرتے ہوئے کہا، کہ ریاستی عوام اپنے محسن رہنماؤں کی ان خدمات کو ہمیشہ یاد کرتے رہیں گے، جو انہوں نے شخصی راج مٹانے اور عوام کو ظلم وستم سے نجات دلانے کیلئے انجام دی ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ مرحوم شیخ منصور صاحب ان ہی لیڈروں کی صفوں میں شامل تھے اور اُن کی سیاسی وسماجی خدمات کو کبھی بھی فراموش نہیں کیا جاسکے گا۔

پارلیمنٹ میں منعقدہ ''اپنے آئین کو جانو'' ترال کے طالب علم کی شرکت

سری نگر//(یو این آئی)//سنٹرل انسٹی چیوٹ آف ایجوکیشنل ٹکنالوجی کے زیر اہتمام منعقدہ ''اپنے آئین کو جانو'' پروگرام میں جنوبی کشمیر کے سب ضلع ترال سے تعلق رکھنے والے ہمدرد گرائمر سکول میں کے ایک طالب علم جگ پریت سنگھ نے جموں وکشمیر اور لداخ کی نمائندگی ہے۔ یہ پروگرام قومی رہنماؤں کو خراج عقیدت کرنے کے تقریبات میں نوجوانوں کی شمولیت کے لئے پارلیمنٹ میں منعقد کیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق وزارت تعلیم، یوتھ افیرس اینڈ سپورٹس گورمنٹ آف انڈیا نے پارلی منٹری ریسرچ اینڈ ٹریننگ انسٹیچوٹ نئی دلی کے اشتراک سے حال ہی میں ملک بھر کے سرکاری وغیر سرکاری تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم طلباء سے اس پروگرام میں حصہ لینے کے لئے ایک امتحان منعقد کیا ہے جس میں ملک بھر کے کل 22 طلباء وطالبات نے کامیاب ہوئے جن میں جگ پریت سنگھ نے چوتھی پوزیشن حاصل کی تھی۔

NOTICE

Whereas an application has been received from the applicant for registration a birth of Sunita Wali in the recorder of SMC Srinagar. Objection if any b submitted in writing before the undersigned within 7 days from the date of this publication this detail of the person or as under ....

Name..Sunita Wali
Father Name ..Narayan Bhan
Mother Name..Chandrani Bhan
DOB__11/09/1975
Residence..Barnai Road Chinar Endave ,lane 5Bantalab Jammu
Place Of Birth ..Badiyar payeen Srinagar.

سیکرٹری قبائلی اُمور کا دورۂ کپواڑہ

جی اینڈ بی ہوٹل کی تزئین وآرائش اور باڑ لگانے کے منصوبے کا اِفتتاح کیا اور استفساری ورَسائی پروگرام میں شرکت کی

کپواڑہ//سیکرٹری قبائلی اُمور ڈاکٹر شاہد اِقبال چودھری نے آج کپواڑہ کا دورہ کیا اور ضلع ترقیاتی کمشنر کپواڑہ کی موجودگی میں گجر بکروال ہوٹل کپواڑہ کی مرمت، تزئین و آرائش اور باڑ لگانے کے منصوبے کا اِفتتاح کیا۔ سیکرٹری قبائلی اُمور نے گجر بکروال ہوٹل میں والدین، طلباء اور عملے کے ساتھ اِستفساری گفتگو کی، رَسائی پروگرام کا انعقاد کیا اور کپواڑہ کے قبائلی دیہات میں مختلف پروجیکٹوں پر کام کی رفتار کا جائزہ لیا۔ سیکرٹری نے گجر اینڈ بکروال ہوٹل کپواڑہ کے دورے کے دوران ہوٹل میں طلباء کو دی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ ڈاکٹر شاہد اقبال چودھری نے ہوٹل میں ایک اچھی طرح سے شرکت کرنے والے استفساری ورَسائی پروگرام کی صدارت کرتے ہوئے ضلع انتظامیہ کپواڑہ کو مختلف ترقیاتی منصوبے بنانے اور ان پر عمل درآمد میں قبائلی طبقوں کی فعال شمولیت پر مبارک باد دی۔ سیکرٹری موصوف نے کہا ''ڈپٹی کمشنر کپواڑہ کی قیادت میں ضلعی انتظامیہ مختلف ترقیاتی پروگراموں، سیاحت اور معیاری تعلیم میں قبائلی برادری کی شرکت کو یقینی بنانے میں کلیدی کردار ادا کررہی ہے۔'' سیکرٹری نے لوگوں کو معیاری تعلیم، بنیادی ڈھانچے کی ترقی، نوجوانوں کی شمولیت، قبائلی برادریوں کو بااختیار بنانے اور ہنر کی اپ گریڈیشن، صحت کی دیکھ بھال، ویٹرنری، حیوانات، روزگار، قبائلی فن کے فروغ سمیت مختلف شعبوں میں سہولیات کی فراہمی کیلئے قبائلی امور کے محکمے کی طرف سے ہر طرح کے تعاون کا یقین دلایا۔ ڈاکٹر شاہد چودھری نے کہا کہ ''محکمہ قبائلی امور ضلع انتظامیہ کپواڑہ کے ساتھ مل کر ایک مربوط نقطہ نظر کیلئے تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ سرگرم عمل ہے جس کا مقصد ضلع کپواڑہ کی قبائلی طبقوں کی مجموعی بہبود اور ہمہ گیر ترقی ہے۔'' ہوٹل کے طلباء نے رنگارنگ ثقافتی پروگرام اور قبائلی لڑکوں اور لڑکیوں کی تعلیم کی اہمیت کو بیان کرنے والا خاکہ پیش کیا جس نے حاضرین کو محسور کیا اور سب سے داد وصول کی۔ مختلف شعبوں میں ان کی مثالی کامیابیوں کیلئے سیکرٹری قبائلی امور، ڈی سی کپواڑہ، ایس ایس پی کپواڑہ نے طلباء، عملے اور کمیونٹی رہنماؤں کو تعریفی اسناد اور مومنٹوز پیش کئے۔ اس موقعہ پر ڈائریکٹر قبائلی امور، ایس ایس پی کپواڑہ، ڈی ڈی سی ممبر کلروز مصطفی راہی، ڈی ڈی سی ممبرت ہیامہ حاجی ثناءاللہ خان، اے سی ڈی کپواڑہ، چیف ایجوکیشن آفیسر کپواڑہ اور ضلعی انتظامیہ کے اعلیٰ افسران موجود تھے۔ بعد ازاں سیکرٹری قبائلی امور نے ضلع ترقیاتی کمشنر کپواڑہ اور ضلع انتظامیہ کے افسران کے ساتھ قبائلی سمارٹ سکول گنڈ جہانگیر اور قبائلی سمارٹ سکول گگل کا دورہ کیا تاکہ وہاں کی تعلیمی سہولیات کا جائزہ لیا جاسکے۔

ضلع اِنتظامیہ کولگام کا میگا بلاک دیوس کا اِنعقاد

کولگام//ضلع انتظامیہ کولگام نے آج ضلع کے تین بلاکوں میں دیوسر، کولگام اور ڈی ایچ پورہ عوامی مسائل، شکایات اور مطالبات کا جائزہ لینے کے لئے میگا بلاک دیوس کا انعقاد کیا۔ شکایتی اَزالے پروگراموں میں پی آر آئی کے نمائندوں اور مقامی لوگوں کا زبردست ردِعمل دیکھنے میں آیا جنہوں نے بڑی تعداد میں پروگرام کے مقامات کا دورہ کیا تاکہ ان کے مسائل، شکایات اور مطالبات کو دُور کرنے کے لئے آنے والے افسران کے سامنے پیش کیا جاسکے۔ دریں اثنا، ضلع ترقیاتی کمشنر کولگام ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے عوامی شکایات اور مطالبات کا جائزہ لینے کے لئے کولگام میں شکایات اَزالہ کیمپ کی صدارت کی۔ آگرو، ٹینگسر گم، اشتھل، بگلین پورہ اور دیگر علاقوں کے لوگوں نے شکایات کے اَزالے کیمپ میں شرکت کی اور ضلع ترقیاتی کمشنر کو اَپنے مسائل اور شکایات کے بروقت اَزالے کے لئے آگاہ کیا۔ موقعہ پر موجود اُفسران نے اَپنے محکموں سے متعلق لوگوں کے سوالات اور مطالبات کا جواب دیا۔ ضلع ترقیاتی کمشنر نے عوام کو بغور سنا اور فوری نوعیت کی شکایات کا موقعہ پر ہی اَزالہ کیا۔ اِس سے قبل اسسٹنٹ کمشنر ڈیولپمنٹ کولگام محمد عمران خان نے گذشتہ بلاک دیوس میں اُٹھائے گئے مختلف شکایات اور مسائل پر کی گئی کارروائی کے بارے میں بھی آگاہ کیا۔ دریں اثناء بلاک دیوسر اور ڈی ایچ پورہ میں شکایات اَزالے کیمپوں کا بھی اِنعقاد کیا گیا جہاں اُفسران نے لوگوں کے مسائل او رشکایات سنے اور ان کا اَزالہ کیا۔

تمام گھرانوں کو ٹائم لائن کے مطابق پینے کا صاف پانی فراہم کرنے کیلئے پُرعزم ہے۔ ضلع ترقیاتی کمشنر

شوپیان//ضلع ترقیاتی کمشنر شوپیان فضل الحسیب نے عوامی مسائل کا ان کی دہلیز پر جائزہ لینے کے لئے آج کیلر اور شوپیاں میں ہفتہ وار بلاک دیوس پروگرام کی صدارت کی۔ ابتداً، پی آر آئیز اور مقامی لوگوں نے علاقے میں گذشتہ برس کے دوران مکمل کئے گئے ترقیاتی کاموں کو سراہا اور آنے والے برس کے لئے ترقیاتی تقاضوں کو پیش کیا۔ اس موقعہ پر پانی فراہمی، ٹرانسفارمروں کی اَپ گریڈیشن، ڈگری کالج کے قیام، ژالہ باری سے ہونے والے نقصانات کا تخمینہ لگانے، کھیل میدانوں کی ترقی، سیاحت کو فروغ دینے، بیداری کیمپوں کے اِنعقاد، پلوں اور سڑکوں کی تعمیر وغیرہ سے متعلق مختلف عوامی مسائل، مطالبات اور شکایات پیش کی گئیں۔ عوامی نمائندے اور دیہات کے لوگ جن میں کیلر، واٹھو، کٹھوبلان، مست پورہ، مشوارہ، دونارو، ڈومپورہ اور دیگر دیہات شامل ہیں۔ ضلع ترقیاتی کمشنر نے تمام متوقع شکایات اور مسائل کو بغور سنا اور مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ اُنہوں نے بہت سی شکایات کا موقعہ پر ہی اَزالہ کیا اور لوگوں کو یقین دِلایا کہ بقیہ شکایات کا ازالہ مقررہ وقت میں کیا جائے گا۔ پنڈال میں موجود اُفسران نے لوگوں کی طرف سے اُٹھائے گئے مختلف سوالات اور مسائل کے جوابات بھی دیئے۔ ضلع ترقیاتی کمشنر نے متعلقہ لوگوں کو عوامی بہبود کے لئے مسائل اور ضروریات کا حساب رکھنے کی بھی ہدایت دی۔ اس موقعہ پر ضلع ترقیاتی کمشنر نے بات کرتے ہوئے علاقے کی سیاحتی صلاحیت کی تعریف کی اور کہا کہ علاقے میں سیاحتی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لئے کوششیں کی جائیں گی۔ اُنہوں نے جل جیون مشن کے اہم مشن پر بھی بات کی اور تمام واٹر سپلائی سکیموں اور فلٹریشن پلانٹوں کی بروقت تکمیل اور جل جیون مشن کی متعین ٹائم لائن کے مطابق تمام گھرانوں تک ٹیپڈ واٹر کی یونیورسل کوریج کا عہد کیا۔ اس موقعہ پر این ای ای ایس ڈبلیو او کی آئی ایس اے ٹیم نے ضلع ترقیاتی کمشنر شوپیاں کی موجودگی میں حاضرین کے سامنے فیلڈ ٹیسٹ کٹ (ایف ٹی کے) کے استعمال کا مظاہرہ کیا۔

سوچھ بھارت مشن

ضلع ترقیاتی کمشنر بانڈی پورہ نے ''سوچھتا کاروان'' کو ہری جھنڈی دِکھا کر روانہ کیا

بانڈی پورہ//ضلع ترقیاتی کمشنر بانڈی پورہ ڈاکٹر اویس احمد نے آج بانڈی پورہ میں سوچھ بھارت مشن کے ایک حصے کے طور پر ''سوچھتا کاروان'' کو ہری جھنڈی دِکھا کر روانہ کیا۔ 'سوچھتا کاروان' ملک بھر میں صفائی ستھرائی کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کے لئے حکومتی کی ایک پہل ہے۔ اس تقریب میں ڈپٹی ڈائریکٹر رورل سینی ٹیشن قاضی مسعود کے علاوہ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی جن میں پی آر آئی، سکولی بچے، سرکاری اُفسران، مقامی این جی اوز کے اَرکان اور شہریوں نے شرکت کی۔ شرکا نے اَپنے اِرد گرد کو صاف ستھرا رکھنے اور ماحول پر مثبت اثر ڈالنے کا عہد کیا۔ دوران تقریب ڈاکٹر اویس احمد نے اَفراد اور کمیونٹیز کی صحت اور تندرستی کو بہتر بنانے کے لئے صفائی ستھرائی کی اہمیت پر زور دیا۔ اُنہوں نے حکومتی کی طرف سے صفائی اور حفظان صحت کو فروغ دینے کے لئے کئے گئے مختلف اقدامات کے بارے میں بھی بات کی۔ 'سوچھتا کاروان' اگلے چند دِنوں میں بانڈی پورہ کے مختلف حصوں میں صفائی اور صفائی کے بارے میں بیداری پیدا کرے گا۔ شرکا مختلف سرگرمیوں جیسے صفائی مہم، بیداری مہم اور مقامی کمیونٹیز کے ساتھ استفساری سیشن میں بھی شامل ہوں گے۔ ڈاکٹر اویس احمد نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ گھر گھر کوڑا کرکٹ اور کچرا جمع کرنے کے نظام کو برقرار رکھیں اور کچرے کو صرف کوڑے دان میں جمع کریں تاکہ اِردگرد کے ماحول خصوصاً پانی کے وسائل کو صاف ستھرا رکھا جائے۔۔۔

اونتی پورہ میں 13 کنال اراضی پر پوست کی کاشت تباہ

غیر قانونی کاشتکاروں کے خلاف 7 ایف آئی آر درج

سری نگر//کے این ایس//منشیات کے استعمال اور پھیلاؤ کو ختم کرنے کے لیے، اونتی پورہ پولیس انفورسمنٹ آپریشنز کے ذریعہ مسلسل کوششیں کر رہی ہے اور منگل کے روز منشیات کی کاشت کے خلاف ایک خصوصی مہم کا آغاز کیا گیا اور تقریباً 13 کنال پر پھیلی پوست کی ایک بڑی مقدار کو 8 مقامات پر ختم کیا گیا کشمیر نیوز سروس (کے این ایس) کے مطابق اونتی پورہ پولیس نے لیتھ پورہ علاقے میں پولیس اونتی پورہ کی خصوصی ٹیم نے ایس ڈی پی او اونتی پورہ کی سربراہی میں ایس ایچ او اونتی پورہ ایس ایچ سمیت بھگت (جے کے پی ایس) پروبیشنر ڈی ایس پی کے ساتھ یہ مہم چلائی گئی۔ انہوں نے بتایا کارروائی میں 07 ایف آئی آر غیر قانونی پوست کی کاشت کرنے والوں کے خلاف قانون کی متعلقہ دفعات کے تحت پولس اسٹیشن اونتی پورہ میں درج کیا گیا ہے۔ اونتی پورہ پولیس نے پہلے ہی ان تمام لوگوں کو مشورہ دیا ہے جنہوں نے پولس ڈسٹرکٹ اونتی پورہ میں کہیں بھی پوست یا کسی بھی دیگر نشہ آور اشیائ※ کی کاشت کی ہے، انہیں خود ہی تلف کرنے کا مشورہ دیا ہے، ایسا نہ کرنے پر انہیں قانون کے تحت سخت کارروائی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ پولیس ڈسٹرکٹ اونتی پورہ عام لوگوں سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ اونتی پورہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور اپنے پڑوس میں کسی بھی قسم کی غیر سماجی سرگرمی سے متعلق کسی بھی معلومات کے ساتھ آگے آئیں۔

'خواتین کو بااِختیار بنانے' کیلئے بیداری ریلیوں کا اِنعقاد

ناظم کتب خانہ نے پروگرام کے کامیاب اِنعقاد کو سراہا

سری نگر//ناظم کتب خانہ وتحقیق محمد رفیع نے جموں وکشمیر کے مختلف تعلیمی اداروں کی جانب سے ''خواتین کو بااِختیار بنانے'' کے موضوع پر بیداری ریلیوں کے کامیاب انعقاد پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ناظم سکولی تعلیم کشمیر، ناظم سکولی تعلیم جموں، محکمہ سکولی تعلیم کے اُفسران اور حصہ لینے والے تعلیمی اِداروں کے سربراہان کے تعاون کو سراہا۔ ناظم کتب خانہ وتحقیق نے پروگرام کے کامیاب انعقاد کو یقینی بنانے کے لئے سری نگر، انت ناگ، بڈگام، پلوامہ اور کٹھوعہ کی ضلعی لائبریریوں کے انچارج لائبریرین اور عملے کے تعاون کو بھی سراہا۔ اُنہوں نے ڈائریکٹر جنرل راجہ رام موہن رائے لائبریری فاؤنڈیشن کولکتہ پروفیسر اے پی سنگھ اور ان کے عملے کا نہ صرف جموں وکشمیر میں لائبریری کے بنیادی ڈھانچے کی اَپ گریڈیشن اور توسیع کے مسلسل تعاون کے لئے بلکہ آر آر آر ایل ایف کی طرف سے سپانسر کردہ مختلف سرگرمیوں میں جے اینڈ کے لائبریریز ڈیپارٹمنٹ کو مختلف شعبوں میں فعال طور پر شامل کرنے کے لئے تہہ دِل سے شکریہ اَدا کیا۔ یہ بات قابل ذِکر ہے کہ جدید ہندوستان کے بانی راجہ رام موہن رائے کی 250 ویں یوم پیدائش کی یاد میں 8 اور 9 مئی 2023ء کو جموں وکشمیر کے مختلف تعلیمی اداروں کی طرف سے 'خواتین کو بااختیار بنانے' کے بارے میں طلباء کی بیداری ریلیوں کا ایک سلسلہ منعقد کیا گیا۔ اِن ریلیوں کا اِنعقاد محکمہ کتب خانہ وتحقیق جموں وکشمیر اور محکمہ سکولی تعلیم جموں وکشمیر نے مشترکہ طور پر راجہ رام موہن رائے لائبریری فاؤنڈیشن (آر آر آر ایل ایف) اور مرکزی حکومت وزارت ثقافت کے زیر اہتمام کیا تھا۔ صوبہ کشمیر میں گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول ہمہامہ بڈگام کے طلباء، گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری انسٹی چیوشن چھانہ پورہ سری نگر، گورنمنٹ ماڈل گرلز ہائیر سیکنڈری سکول رانی باغ انت ناگ اور گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول نہامہ پلوامہ نے بڑی ریلیاں نکالیں۔ جموں میں ڈسٹرکٹ لائبریری کٹھوعہ میں ایک ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ناظم کتب خانہ وتحقیق نے کہا کہ محکمہ پبلک لائبریریوں سے کمیونٹی کی شمولیت کے حوالے سے مختلف سرگرمیاں کرنے کے لئے مختلف شراکت داروں کے ساتھ رابطے جاری رکھے گا۔